# حقائق نامہ # 9
# معیاری رہائش تک رسائی میں نسلی غربت

## نسلی گروہوں کے لوگ معیاری رہائش تک رسائی حاصل کرنے میں کس طرح پسماندہ رہتے ہیں

- **ناکافی رہائش**: کینیڈا میں 50% سے زیادہ رنگدار نسل کے خاندان ایسے گھروں میں رہتے ہیں جو بہت مہنگے ہوتے ہیں (جو بے گھری تک لے جاتے ہیں)، ناکافی سہولیات ہوتی ہیں (مرمت اور دیکھ بھال کی ضرورت ہوتی ہے) اور نامناسب ہوتے ہیں (گنجائش سے زیادہ لوگ اور دیگر مسائل)۔ ان جیسے حالات کا سامنا کرنے والے غیرسفید فام خاندان 28% ہیں۔




**سستی رہائش نئے آنے والوں اور رنگدار نسل کے لوگوں کے لئے جن کے بڑے خاندان ہوں نہیں بنائی جاتیں جس کا تصور کمزور صوبائی قانون سازی کی وجہ سے مجروح ہوا ہے۔**

- **زیادہ نمائندگی**: پناہ گزیروں اور تارکین وطن کی پہلی منزل، اونٹاریو کے بڑے شہر ہیں جو رنگدار کمیونٹیز کی ترجیح ہیں جن کی نمایاں اور بڑی تعداد غیر معیاری گھروں میں رہتی ہے۔
- **رہائشی لاگت**: ایک تحقیق کے مطابق حالیہ تارکین وطن اپنی آمدنی کا 50% سے زائد رہائش پہ خرچ کرتے ہیں۔ اس تعداد میں 15% ایسے ہیں جو 75% یا اس سے زیادہ رہائش پر خرچ کرتے ہیں۔
- **امتیازی سلوک**: غیر معیاری رہائش کے علاوہ، تارکین وطن، آبائی اور رنگدار لوگوں کو ذرائع آمدنی، کریڈٹ ہسٹری، ضامن تک رسائی اورحوالہ جات، نسلی شناخت، امیگریشن کی حیثیت، جنس اور عمرکی بنیاد پر امتیازی سلوک کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
- **تارکین وطن**: ایک حالیہ تحقیق کے مطابق 80% تارکین وطن کرایہ کے گھروں میں رہتے ہیں۔ تارکین وطن خواتین کو رہائشی عدم تحفظ کا زیادہ سامنا ہے۔ 50% ایسی حالیہ تارکین وطن خواتین جو کہ اکیلی ماں ہیں، انہیں بنیادی رہائشی ضروریات کی زیادہ ضرورت ہے۔
- **مہاجرین**: مہاجرین اور سیاسی پناہ گزیروں کی نصف سے زیادہ تعداد کبھی نہ کبھی عارضی پناہ گاہوں میں رہتی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان لوگوں کو بے گھر ہونے کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔

## آبائی لوگوں پہ توجہ

- 2011 میں ، فرسٹ نیشن لوگوں کی رہائش کا وفاقی تخمینہ لگایا گیا جس میں بتایا گیا کہ مخصوص علاقوں میں رہنے والے 41.5% آبائی گھرانوں کو بڑے پیمانے پر درستگی کی ضرورت ہے بہ نسبت صرف 7% غیرآبائی گھرانوں کے۔ پھپوندی، کھٹمل، ناکافی گرمائی اور آلودہ پانی صرف چند مسائل ہیں۔
- 2016 میں ، ٹورنٹو اسٹار کی رپورٹ کے مطابق، اونٹاریو میں موجود اٹاواپسکٹ فرسٹ نیشن کے کل افراد 2,100 ہیں اور مکانات صرف 340۔ جس کا مطلب ہے کہ ایک گھر میں عموما ایک سے زیادہ خاندان ہیں۔ کچھ مکانات میں 13 تک بھی افراد رہتے ہیں۔
- عارضی پناہ گاہوں میں رہنے والے 28% سے 34% لوگ آبائی ہیں۔ کینیڈا کے تمام بڑے شہروں میں موجود بے گھر آبادی میں عملی طور پرسب سے زیادہ نمائندگی آبائی لوگوں کی ہے۔
- ایک رپورٹ کے مطابق، آبائی شناخت رکھنے والے لوگوں کو غیرنمایاں بے گھری کا سامنا دو بار سے زیادہ (18%)ہوتا ہے بہ نسبت غیرآبائی لوگوں کے (8%)۔

**پوشیدہ بے گھری کی وضاحت اس طرح کی جائے کی کہ "وہ لوگ جو وقتی طور پر دوسروں کے ساتھ رہ رہے ہوں بغیر مستقل رہائش کی ضمانت کے یا مستقل رہائش کے فوری امکانات کے"۔**



سماجی بہبود پر ہونے سے، یا بے گھر ہونے سے، بنیادی طور پر آپ کے پاس کوئی حوالہ جات نہیں ہوتے، اور بیشتر مالک مکان یہ پسند نہیں کرتے----- میرے پاس پہلے اور آخری مہینے کا کرایہ نہیں ہے-----اور دوسرا میری رنگت، کچھ مالک مکان یہ پسند نہیں کرتے۔ میں اس عورت کے پاس گئی اور اس نے کہا کہ اسے کالے لوگوں سے پرابلم ہے۔

- **کینیڈا کی "سرخ لکیر"**: نسلی گروہوں کو اکثروبیشتر مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ ایسی رہائش قبول کرلیں جو غیر محفوظ، غیر معیاری،غیر صحت مند ہو اور ان علاقوں میں ہو جہاں جرائم کی شرح زیادہ ہو اور اوسط آمدنی کم ہو۔
- **پوشیدہ بے گھری**: نمایاں طور پر بے گھر لوگوں کے علاوہ، 450,000 سے 900,000 کینیڈینز غیر نمایاں طور پر بے گھر ہیں۔
- **نسل**: غربت اور اقلیت ہونا وہ کلیدی عوامل ہیں جو بے گھری تک لے جاتے ہیں۔ نسلی گروہوں کو غیر متناسب طور پر بے گھری اور غیر معیاری رہائش کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اونٹاریو میں پناہ گزیروں اور مہاجرین کو، غربت، تعصب، سماجی پروگراموں میں کٹوتی اور اپنے حقوق سے متعلق معلومات میں کمی کی وجہ سے بے گھر ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔

## اہم نکات

- رنگدار نسل سے مراد کینیڈا یا کینیڈا سے باہر پیدا ہونے والے وہ کینیڈینز ہیں جو غیریورپی پس منظراور ورثہ رکھتے ہیں۔
- آبائی لوگوں سے مراد فرسٹ نیشن، میٹیز اور اینوئیٹ ہیں۔
- ٹورنٹوکے 62٪ تمام غریبوں کا تعلق نسلی گروہوں سے ہے۔
- کینیڈا کے غریب نسلی گروہوں کے لوگوں میں سے 52% اونٹاریومیں رہتے ہیں۔
- ہمارا غربت ناپنے کا پیمانہ یہ ہےکہ وہ گھرانے جو کینیڈا کے خط غربت یعنی Low Income Cut-off (LICO) یا Low Income Measure (LIM) سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں اپنی آمدنی کا زیادہ تر حصہ بنیادی ضروریات یعنی خوراک اور رہائش پر خرچ کرتے ہیں بہ نسبت ایک اوسط گھرانے کے۔
- معاشرتی نظام میں موجود نسل پرستی، معاشرے کے اداروں کی حکمت عملیوں اور طریقہ کار میں موجود پوشیدہ جھکاؤ کی وجہ سے ہوتی ہے جو کچھ گروہوں کو اختیار اور کچھ کے لئے نقصان کا باعث ہوتی ہیں۔ یہ اس بات کا نتیجہ بھی ہو سکتا ہے کہ چیزوں کو اسی طرح ہونے دیا جائے جس طرح ہمیشہ سے ہوتی گئی ہیں بغیر یہ جانے کہ کس طرح یہ مختلف لوگوں پر مختلف طرح سے اثرانداز ہوتی ہیں۔



2018 میں، اونٹاریو میں ایک بیڈروم اپارٹمنٹ کا اوسط کرایہ 1,105$ تھا۔ اس کرایہ کے لئے، فی گھنٹہ اجرت 22.66$ ہونی چاہیئے۔



2018 میں، ٹورنٹو میں ایک بیڈروم اپارٹمنٹ کا اوسط کرایہ 1,270$ تھا۔ یہ کرایہ لوگوں کے لئے مناسب ہو(آمدنی کا 30% یا کم) اس کے لئے ضروری ہے کہ فی گھنٹہ اجرت 26.05$ ہو۔



کم سے کم تنخواہ میں اضافے کے باوجود، رہائش ان لوگوں کے لئے ہمیشہ گنجائش سے باہر رہے گی جو فی گھنٹہ 19$ سے کم کماتے ہوں۔

**مئی 2017 میں، اونٹاریو حکومت نے اصطلاحات متعارف کرائیں جن کے مطابق جنوری 2019 میں کم سے کم اجرت 15$ ہونی تھی۔ نسلی گروہوں کی سستی رہائش تک رسائی کے لئے، اس اضافے کو نافذ کرنا بہت ضروری ہے۔**

# کیا اقدامات کئے جا رہے ہیں؟

ژاونونگ گامک، نشنابے ہومز Zhaawnong Gamik, Nishnawbe Homes یہ ادارہ ایسے اکیلے آبائی لوگوں کی مدد کرتا ہے جو ٹورنٹو تعلیم اور نوکری کے لئے آتے ہیں۔ نشنابے ہومزسستی رہائش دیتے ہیں جو انہیں اپنی کمیونٹی سے ملاتی ہے اور فرسٹ نیشن ثقافت کی عکاسی کرتے ہیں۔

nishnawbehomes@rogers.com

ایڈوکیسی فار سینٹر فار ٹینٹس اونٹاریو Advocacy for Centre for Tenants Ontario (ACTO) رہائش (ہاؤسنگ) میں انسانی حقوق اور انصاف ک بہتری کے لئے کام کرتے ہیں۔ یہ ادارہ کم آمدنی والے اونٹارینز کی نمائندگی، بذریعہ قانونی مشوروں اور نمائندگی، قوانین میں بہتری، کمیونٹی کو منظم کرنے، تربیت اور تعلیم کے کرتا ہے۔

www.acto.ca